کینٹونمنٹ بورڈ لاہور کینٹ

نوٹس برائے لکڑی نیلام

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ CB نرسری کینٹونمنٹ بورڈ لاہور میں جمع شدہ مختلف اقسام کی لکڑی کے ٹکڑوں کا علیحدہ علیحدہ سات عدد لاٹ کی صورت میں نیلام عام جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر مورخہ: 02-/جون/2025ء بوقت 02:00 بجے دفتر کینٹونمنٹ بورڈ لاہور میں کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اُٹھائیں۔

تفصیل درج ذیل ہے۔

لاٹ نمبر	درخت اقسام	شیشم کیوبک فٹ	مختلف کیوبک فٹ	لاٹ نمبر	درخت اقسام	شیشم کیوبک فٹ	مختلف کیوبک فٹ
01	شیشم اور مختلف اقسام	66	172	05	شیشم اور مختلف اقسام	73	263
02	شیشم اور مختلف اقسام	63	417	06	شیشم اور مختلف اقسام	135	263
03	شیشم اور مختلف اقسام	73	309	07	شیشم اور مختلف اقسام	135	538
04	شیشم اور مختلف اقسام	73	309				

کینٹ کے علاقہ میں مختلف روڈز پر کھڑے درختوں کی نیلامی کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	درخت اقسام	تعداد	شیشم کیوبک فٹ	درخت اقسام	تعداد	مختلف کیوبک فٹ
01	شیشم	21	472	مختلف اقسام	52	417

شرائط نیلامی:-

1۔ نیلام میں حصہ لینے سے قبل اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی۔ نیلامی میں حصہ لینے والا ہر خواہشمند ہر لاٹ کیلئے مبلغ -/100,000 بطور زرضمانت بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر لاہور کینٹ بورڈ کال ڈیپازٹ قبل از بولی جمع کرائے گا۔ نقد / کیش کی صورت قابل قبول نہ ہوگا۔

2۔ ٹوکن کی رقم کے بغیر کسی بھی ٹھیکیدار کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر بولی کی رقم کا ایک چوتھائی (1/4) موقع پر جمع کرانا ہوگا اور بقایا رقم مجاز اتھارٹی سے منظوری ملنے کے بعد 07 یوم کے اندر جمع کروانا ہوگی۔ بصورتِ دیگر دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والے کو یہ پیشکش کی جائے گی۔ واضح رہے کہ موقع پر مذکورہ بالا بولی کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرِضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ لاہور ضبط کرلیا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کی جانب سے مقررہ مدت کے اندر بولی کی بقایا رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں اس کی طرف سے پہلے سے جمع کروائی گئی رقم کا ایک چوتھائی (1/4) ضبط کرلیا جائے گا اور لکڑی کو دوبارہ نیلامی کیلئے رکھا جائے گا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ بقایا رقم جمع کروانے کے وقت مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس اور جی ایس ٹی ٹیکس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

6۔ سب سے زیادہ بولی دینے والا پرمٹ جاری کرنے سے پہلے اس آفس میں بطور سیکیورٹی کے بولی کی چوتھائی (1/4) رقم جمع کروائے گا۔ جو درختوں کو ہٹانے اور سرکاری املاک یا نجی املاک کو نقصان پہنچائے بغیر لکڑی اُٹھانے کے بعد بولی دہندہ کو واپس کر دیا جائے گا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ کو نیلام شدہ درختوں کو مکمل ہٹانے سے پہلے اسے فروخت کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ نیلام شدہ درختوں کو ہٹانے کے دوران سرکاری / نجی املاک کو ہونے والے نقصان کا ذمہ دار ہوگا۔ اور بولی دہندہ کو نقصان کی پوری رقم ادا کرنا ہوگی۔

9۔ اگر مقررہ مدت کے اندر درختوں کو نہ ہٹایا گیا تو پہلے سے جمع شدہ لکڑی کو ضبط کرلیا جائے گا اور جمع شدہ معاوضے کو بھی ضبط کرلیا جائے گا۔

10۔ نیلامی کے نوٹس کی کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی طرف سے جمع شدہ سیکیورٹی کی رقم ضبط کرلی جائے گی۔

11۔ نیلامی کی جانے والی کٹی ہوئی لکڑی کی تفصیلات یا دیگر ضروری معلومات نیلامی کی تاریخ سے پہلے کام کے اوقات میں زیر دستخطی کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

نوٹ:۔ مقررہ تاریخ پر کسی وجہ سے بولی کے عدم انعقاد یا مسترد ہونے کی صورت میں مورخہ: 03-/04-/جون/2025ء کو دوپہر 02:00 بجے دوبارہ بولی ہوگی اور اس بارے کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

لاہور کینٹ۔